SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**For immediate Release**
**July 29, 2016**

# ایس ای سی پی ٹیم کا رحیم یار خان میں غیر قانونی بروکریج کاروبار پر چھاپہ

**اسلام آباد، ۲۹ جولائی:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (کمیشن) کیپٹل مارکیٹ میں غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں کے سد باب کے لئے مسلسل کوشاں ہے تاکہ عوام الناس کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے ساتھ ہی ساتھ اس ضمن میں کمیشن زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر کاربند ہے۔

حال ہی میں کمیشن کو ایک گمنام شکایت موصول ہوئی جس میں درج تھا کہ طاہر اسماعیل ولد محمد اسماعیل، الحمد مارکیٹ، نیو صادق بازار، ضلع رحیم یار خان میں غیر قانونی بروکریج کاروبار چلا رہا ہے اور اپنے آپ کو دو بروکریج ہاؤسز کا نمائندہ بتاتا ہے۔ کمیشن نے شکایت موصول ہونے پر اپنے افسر کے ذریعے ابتدائی چھان بین پر اس شکایت کو درست پایا۔ چنانچہ، سکیورٹیز ایکٹ ۲۰۱۵ کی دفعہ ۱۳۹ کے تحت عطا کردہ اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے کمیشن نے اس شخص اور دیگر ملوث افراد کے خلاف تفتیش کا حکم صادر کیا۔

اس معاملے کے حساس نوعیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اور عوام اور سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لئے کمیشن نے ایک اعلیٰ افسر کی زیر نگرانی کل رات (جمعرات) کو ایک تفتیشی ٹیم اسلام آباد سے رحیم یار خان بھجوائی۔ آج (جمعہ) علی الصبح تفتیشی ٹیم نے اپنی منزل پر پہنچے کے بعد متعلقہ مجسٹریٹ سے وارنٹ حاصل کئے اور مقامی انتظامیہ اور پولیس کی مدد سے اس غیر قانونی کاروبار پر چھاپہ مارا اور تمام ریکارڈ اور احاطہ کو اپنے قبضہ میں لے لیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432

فی الحال اس معاملے میں مزید تفتیش جاری ہے۔ یہاں یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ سکیورٹیز ایکٹ ۲۰۱۵ کی دفعات ۱۳۴، ۱۳۵اور ۱۳۶ کی سزا تین سال قید یا بیس کروڑ جرمانہ یا دونوں ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432